# FEDERAL BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION H-8/4, ISLAMABAD

No.1-10/FBISE/RES/652 30 August, 2024

**Subject:** **IMPLEMENTATION OF ASSESSMENT FRAMEWORKS AND MODEL QUESTION PAPERS DEVELOPED ON NATIONAL CURRICULUM OF PAKISTAN (NCP) 2022-2023**

In continuation to this office Notifications bearing No.1-10/FBISE/RES/383 dated 14 March 2024 and No.1-10/FBISE/RES/422 dated 19 March 2024 on the subject of Implementation of National Curriculum of Pakistan (NCP) 2022-23, Assessment Frameworks, Model Question Papers along with SLOs Alignment Charts and Tables of Specifications (ToS) at SSC-I and HSSC-I levels in the subjects of English Compulsory, Urdu Compulsory, Pakistan Studies (SSC-I), Islamiyat Compulsory (HSSC-I), Physics, Chemistry, Biology, Mathematics and Computer Science are hereby uploaded on FBISE Website www.fbise.edu.pk. The Weblink is https://fbise.edu.pk/curriculum_model_paper.php .

2. It is important to note that the Assessment Frameworks which contain all the SLOs of the curriculum 2022-23 will guide students, teachers and paper setters. Students will receive clear instructions on how to prepare for examinations. Teachers will use the Frameworks to understand what to teach in class and to prepare their students for the final examinations. Similarly, paper setters will use these documents for guidance in creating examination papers. It may be noted that the SLOs of Summative Assessment mentioned in the Assessment Frameworks will be included in the Final Board Examinations, whereas the SLOs of Formative Assessment will NOT be included in the Final Board Examinations; however, they will be part of teaching-learning activity in the class.

3. It is reiterated that the examinations of all the above mentioned subjects will be based on Student Learning Outcomes (SLOs) given in the respective curriculum (Assessment Frameworks) instead of textbooks. Educational institutions, students and teachers may consult the books of publishers reviewed by National Curriculum Council available on its Weblink https://ncc.gov.pk/SiteImage/Misc/files/Annexures.pdf. Moreover, the institutions are free to rely on any other valid and reliable instructional/reference material to fulfil the instructional requirements of the SLOs of these subjects.


**( MIRZA ALI )**
Director (Research and Academics)
Ph: 051-9269504
Email: director@fbise.edu.pk


Heads of all Institutions affiliated with FBISE
at SSC & HSSC levels

Distribution:

1. Director General, Federal Directorate of Education, G-9/4, Islamabad
2. Director General, FGEI, Directorate (Cantonments/ Garrisons), Sir Syed Road, Rawalpindi Cantt
3. Assistant Chief of the Air Staff (Education), PAF Air Headquarters, Peshawar
4. Director General (Schools), Directorate of Education Gilgit-Baltistan
5. Director Education, Directorate of Naval Educational Services, Naval HQ, Islamabad
6. Deputy Director General (DDG), Army Public Schools and Colleges System Secretariat, GHQ, Rwp
7. Director, CB Education Directorate, C/o Chaklala Cantonment Board, Rawalpindi
8. Director (Education), Fauji Foundation Head Office, Welfare Division, Chaklala, Rawalpindi
9. Director General, OPF Head Office, G-5, Islamabad
10. Director Education, PAEC Headquarter, K-Block, Islamabad (with the request to circulate in their educational institutions)
11. Director Education, Kahuta Research Laboratory (KRL), Kahuta, District Rawalpindi
12. Mrs. Sakina Fowad Bukhari, Principal, City Lyceum School House No.394 St.No.4, Gulraiz-3 near Madina Mall, High Court Road, Rawalpindi
13. Mr. Muhammad Ashraf Hiraj, Principal, Startwell Education House No.9, Main Khayban-e-Tanveer Chaklala Scheme-III, Rawalpindi Cantt
14. The Director Regional Office (North), Beaconhouse Regional Office (North), Capital View Road, Mohra Nur, Banigala, Islamabad
15. The Director, Punjab Group of Colleges, 6th Road, Rawalpindi

***Page Continue …***

16. The Director Regional Office (North), The City School, Street 7, NPF, Sector E-11/4, Islamabad
17. Roots International Schools and Colleges, Head Office, Main Service Road West, Opp. G-13/4, IBD
18. Brig Dr. Muhammad Hanif (R), SI(M), Principal, Dr. A Q Khan School & College, Bahria Town, Phase 8, Islamabad
19. The Citizen Foundation, Plot No. 20, Sector # 14, Near Brookes Chowrangi, Korangi Industrial Area, Karachi
20. All HODs, FBISE, Islamabad
21. Director IT (with the request to upload the same on FBISE website and social media)
22. Deputy Director (Colleges), Directorate of Education, Sakwar, Gilgit-Baltistan
23. Deputy Controller of Exams (Strong Room), FBISE, Islamabad
24. Incharge, FBISE, Sub-Office, Gilgit
25. Incharge, FBISE, Sub-Office, Skardu
26. PA to Chairman, FBISE, Islamabad
27. APS to Secretary, FBISE, Islamabad
28. Chat Room. FBISE, Islamabad

FEDERAL BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION
ISLAMABAD

# اسیسمنٹ فریم ورک اور ماڈل پیپر

## اردو (لازمی) نہم۔دہم

## نیشنل کریکولم

**2022-2023**



**فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ**
**اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن اسلام آباد**

**WE WORK FOR EXCELLENCE**

فیڈرل بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن

اسلام آباد

# اسیسمنٹ فریم ورک

برائے

اردو (لازمی) نہم۔دہم

کریکولم ۲۳-۲۰۲۲ء

# اظہارِ تشکر


اسیسمنٹ فریم ورک کی تیاری کے سلسلے میں تشکیلی و حتمی جانچ اور اُردو مضمون کے جن ماہرین نے مسلسل محنت کی۔ ان کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔

1. محترم حفیظ الرحمان، پرنسپل، اسلام آباد ماڈل کالج فار بوائز G-13/2 اسلام آباد
2. محترم امجد اقبال، ایسوسی ایٹ پروفیسر، اسلام آباد ماڈل کالج فار بوائز G-10/4 اسلام آباد
3. ڈاکٹر محسن علی عابدی، ایسوی ایٹ پروفیسر، اوپی ایف بوائز کالج، H-8/4 اسلام آباد
4. ڈاکٹر نصرت جبین، وائس پرنسپل، فوجی فاؤنڈیشن گرلز کالج، لالہ زار راولپنڈی
5. محترمہ کشور ناہید، صدر شعبہ اردو، آرمی پبلک سکول اینڈ کالج، حمزہ کیمپس، راولپنڈی
6. محترمہ سمیرا شہمین، ماہر مضمون، آرمی پبلک سکول اینڈ کالجز ڈائریکٹوریٹ، راولپنڈی

اس مؤقر و مؤثر پراجیکٹ کی تکمیل، چیئرمین وفاقی تعلیمی بورڈ جناب سید جنید اخلاق کی نگرانی اور سرپرستی کے بغیر ممکن نہ تھی۔ اس سلسلے میں وفاقی تعلیمی بورڈ کا شعبہ ریسرچ کی کاوشیں خصوصی طور پر لائق تحسین ہیں خاص طور پر سید ذوالفقار شاہ، ڈپٹی سیکرٹری، ریسرچ اینڈ اکیڈمکس کا ذکر کرنا ضروری ہے کہ اسیسمنٹ فریم ورک کی تیاری میں ان کا فعال اور کلیدی کردار رہا ہے۔

**مرزا علی**

**ڈائریکٹر ریسرچ اینڈ اکیڈمکس**

# اسیسمنٹ فریم ورک اردو ۲۰۲۲-۲۳ء

وفاقی تعلیمی بورڈ اسلام آباد امتحانی نظام کو بدلتی دنیا کے جدید تر تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے پر کمربستہ ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے گاہے گاہے ایسے عملی اقدامات بھی اٹھائے جاتے ہیں جیسا کہ قومی نصاب اور حاصلات تعلم کی روشنی میں امتحانی پرچہ جات کی تیاری کو خصوصی طور پر اہمیت دی گئی ہے۔ ہماری اس کوشش کو طلبہ، اساتذہ، ماہرین مضمون اور تعلیمی اداروں کی جانب سے سراہا بھی جارہا ہے۔ اس تمام تناظر میں یہ بات خوش آئند اور حوصلہ افزا ہے کہ وفاقی تعلیمی بورڈ اسلام آباد وطنِ عزیز کے تمام تعلیمی بورڈز میں سرفہرست ہے۔ اسی سلسلے کو آگے بڑھاتے ہوئے ایک ایسا لائحہ عمل ترتیب دیا جارہا ہے کہ جس پر عمل پیرا ہونے سے طلبہ، اساتذہ اور امتحانی پرچوں کے ممتحنین کسی قسم کے ابہام کا شکار نہ رہیں گے۔

یہ امر ہمارے لیے باعثِ افتخار ہے کہ وفاقی تعلیمی بورڈ اسلام آباد نے جماعت نہم، دہم کے لیے اسیسمنٹ فریم ورک یعنی امتحانی نقطہ نظر سے تشکیلی جانچ (Formative Assessment) وحتمی جانچ (Summative Assessment) کا ایک ڈھانچہ تشکیل دینے کا اعزاز حاصل کیا ہے یہ اپنی نوع میں پاکستان کی سطح پر ایک نیا تجربہ ہے جس کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ موجودہ قومی نصاب ۲۰۲۲-۲۳ء کو اس طرح عملی طور پر لاگو کیا جائے کہ طلبہ، اساتذہ اور امتحانی پرچہ جات کے ممتحنین (Paper Setters) کو سالانہ امتحان کی تیاری کے سلسلے میں اپنے اپنے شعبے میں مکمل رہ نمائی دستیاب ہو جائے۔ طلبہ اس بات سے آگاہ ہوں کہ انھوں نے کیا پڑھنا ہے اور اساتذہ کرام کو پتا ہو کہ سالانہ امتحان کی ضرورت کے تحت انھوں نے کیا پڑھانا ہے جب کہ امتحانی پرچے کی تیاری میں بھی یہ فریم ورک مکمل طور پر مدد و معاون ثابت ہو۔ اس طرح تشکیلی و حتمی جانچ کا یہ ہمہ جہت خاکہ یا ڈھانچہ ایک مکمل رہ نما کا کردار ادا کرے گا۔

اسیسمنٹ فریم ورک کی تیاری میں تشکیلی وحتمی جانچ اور اُردو مضمون کے ماہرین اور تجربہ کار اساتذہ نے حصہ لیا۔ قومی نصاب ۲۰۲۲-۲۳ء کا گہرائی اور عمیق النظری سے مطالعہ کیا گیا۔ محنت، لگن اور توجہ کے ساتھ تمام حاصلات تعلم کا احاطہ کرتے ہوئے یہ فریم ورک تیار کیا گیا ہے۔

# تشکیلی جانچ (Formative Assessment)

تشکیلی جانچ (Formative Assessment) تعلیمی عمل کا ایک اہم عنصر ہے، جو طلبہ اور معلمین دونوں کے لیے جماعت (Class Room) میں ہونے والے تدریسی عمل اور تعلم کا موثر جائزہ پیش کرتا ہے۔ حتمی جانچ کے برعکس تشکیلی جانچ سیکھنے سکھانے کے عمل سے جڑی ہوتی ہے جو کہ طلبہ کی فہم اور تدریسی عمل کی کارکردگی اور کارآمد ہونے کو پرکھتے ہوئے آئندہ کی تدریسی حکمت عملی مرتب کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔ حتمی جانچ کے برعکس تشکیلی جانچ میں سند (Certificate) کا اجرا نہیں کیا جاتا بلکہ اس کا بنیادی مقصد تعلم کے موثر یا غیر موثر ہونے کے بارے میں معلومات فراہم کرنا ہوتا ہے۔

تشکیلی جانچ کا بنیادی مقصد تعلم کے عمل میں رہ جانے والی خامیوں کی نشان دہی کرنا ہوتی ہے تاکہ بروقت اقدامات کرکے ان کی تلافی کی جاسکے اور پڑھانے کے عمل کو بہتر بنایا جاسکے۔ یہ مؤثر اور متحرک طریقہ کار اساتذہ کرام کو اپنے طلبہ کی نصابی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے اپنے تدریسی تعامل میں بہتری لانے کے لئے ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر ذہنی آزمائش کے سوالوں یا کلاس میں بحث ومباحثہ کے ذریعے اساتذہ کرام کو یہ معلوم ہوتا ہے کہ کلاس کے کتنے بچے کسی ایک مخصوص موضوع کو سمجھنے میں کتنی دقت محسوس کررہے ہیں اور کتنی نئی معلومات اوراضافی توضیحات کے ساتھ یا کسی تدریسی تعامل کی مدد سے اپنے موضوعِ تدریس پر نظر ثانی کی کسی حد تک ضرورت ہے۔ تدریسی عمل کی یہ لچک مطالعاتی مواد کی ہمہ جہت اور گہری تفہیم کے لئے بہت ضروری ہوتی ہے۔ تشکیلی جانچ کی مختلف صورتیں ہیں جس میں کمرہ جماعت میں بحث ومباحثہ، مشاہدات اورزبانی سوالاً جواباً جیسے غیر روایتی دوستانہ طریقے شامل ہیں۔

تشکیلی جانچ کا تنوع اساتذہ کرام کے لیے مختلف النوع ترجیحات کا دروازہ کھول دیتا ہے تاکہ سیکھنے کے سفر میں تمام طلبہ مشغول اور مصروف کار رہیں۔ تشکیلی جانچ جماعت (Class Room) میں سیکھنے کے عمل کے سازگار ماحول پیدا کرنے کے حوالے سے نمایاں کردار ادا کرتی ہے۔

تشکیلی جانچ ایک ایسا طاقت ور پیمانہ ہے جسے موثر طریقے سے نافذ العمل کرکے سیکھنے سکھانے کے عمل کو بہتر کیا جاسکتا ہے۔ یہ طلبہ اور اساتذہ کے لئے بصیرت افروز ثابت ہوتی ہے اور ایک ایسا سازگار ماحول تخلیق کرتی ہے جس میں سیکھنے سکھانے کا عمل دوچند ہوجاتا ہے۔

# حتمی جانچ(Summative Assessment)

حتمی جانچ(Summative Assessment) تعلیمی سرگرمیوں کا ایک ایسا بنیادی عنصر ہے جسے ایک مخصوص تدریسی دورانیے (سیشن) کے اختتام پر طلبہ کے تعلم اور کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے مرتب کیا جاتا ہے۔ تشکیلی جانچ کے برعکس حتمی جانچ ایک ایسے پیمانے اور میزان کا کام دیتی ہے جس سے اس بات کی صراحت ہو جاتی ہے کہ طلبہ نے کتنا اور کیا کچھ سیکھا ہے۔ حتمی جانچ کا انعقاد کسی سبق، نصاب یا تدریسی عمل کے اختتام پر کیا جاتا ہے۔ دوسرے الفاظ میں حتمی جانچ کا مقصد یہ دیکھنا ہوتا ہے کہ تدریسی مقاصد کا حصول کس حد تک ممکن ہو سکا ہے۔ حتمی جانچ کا بنیادی مقصد تدریس و تعلم کی مجموعی کارکردگی کی پرکھ کرتے ہوئے اس کی سند(Certificate) کا اجرا ہوتا ہے۔ حتمی جانچ اکثر اوقات تحریری امتحانات کی شکل میں ہوتی ہے۔ اس جانچ کے ذریعے طلبہ کسی مخصوص مضمون میں یا تمام مضامین میں وقت کے مخصوص دورانیے عموماً سال کے آخر میں اپنی تعلیمی کارکردگی و صلاحیت کی بنیاد پر سند(Certificate) حاصل کرتے ہیں۔

حتمی جانچ طلبہ کی تدریجی کارکردگی، سندیافتگی یا تدریس و تعلم کی مختلف سطحوں پر درجہ بندی کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ مزید یہ کہ حتمی جانچ کے نتائج کے اشاریوں سے ہمیں تدریسی حکمتِ عملی اور نصاب کے حوالے سے مفید معلومات حاصل ہوتی ہیں۔ حتمی جانچ کے نتائج کا تجزیہ کرنے سے ماہرینِ تعلیم کو مستقبل کے تدریسی عمل میں بہتری لانے کا موقع میسر آتا ہے جس سے وہ تدریس و تعلم کی خوبیوں، خامیوں اور رجحانات کی نشاندہی کرتے ہیں۔

طلبہ کی مجموعی کارگردی کا جائزہ مہیا کرتے ہوئے حتمی جانچ، تدریس و تعلم میں ایک کلیدی کردار ادا کرتی ہے جب کہ یہ اپنی اہمیت اور تعامل کے حوالے سے تشکیلی جانچ سے مختلف ہوتی ہے۔ تعلیمی کارکردگی کی جانچ کے حوالے سے حتمی جانچ ایک نہایت ضروری پیمانہ ہے۔ حتمی جانچ طلبہ کی کارکردگی میں مجموعی بہتری لانے میں بہت موثر اور اہم کردار ادا کرتی ہے۔

# NATIONAL ASSESSMENT FRAMEWORK URDU (Compulsory)

## Curriculum / SLOs Bifurcation 2022-23

## Class 9th – 10th

| مہارت:(الف) سننا | | |
|---|---|---|
| **معیار:**(الف) مختلف سمعی ذرائع سے سنی جانے والی اُردو پر اپنی توجہ، فہم اور ادراک سے معانی کا اکتساب اور اظہار رائے۔ | | |
| **حد تدریج** | | |
| **جماعت نہم** | **جماعت دہم** | **تبصرہ / ریمارکس** |
| • واقعات، کہانی، تقریر، شاعری، تشریحات وغیرہ کی رفتار اور معیار کے ساتھ سماعت کرنا۔<br>• کلام سن کر ادبی، مجازی اور اصطلاحی مفاہیم تک رسائی حاصل کرنا۔<br>• روز مرہ بول چال میں اخلاقی، معاشی، معاشرتی اور ثقافتی امور وغیرہ سن کر ان کا تجزیہ کرنا۔<br>• ذرائع ابلاغ سے نشریات وغیرہ سن کر ان پر استحسان و تنقید کرنا۔<br>**نوٹ:اس مہارت کے تمام حاصلات تعلم (SLOs) تشکیلی جانچ (Formative Assessment) کا حصہ ہوں گے۔** | | **مہارت "سننا": تشکیلی جانچ**<br>**اس مہارت کی جانچ سالانہ امتحانی پرچے کی بجائے جماعت میں دوران تدریس اساتذہ کرام کریں گے۔** |
| **مہارت:(ب) بولنا** | | |
| **معیار:**(ب) درست قواعد، تلفظ اور زبان کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ مکمل جملوں میں مختلف صورت حال کے مطابق گفتگو، اپنے موّقف، مدعا، رائے (مافی الضمیر) کا مدلل بیان، کسی موضوع پر چند جملے یا مربوط اور منظم تقریر | | |
| **حد تدریج** | | |
| **جماعت نہم** | **جماعت دہم** | **تبصرہ / ریمارکس** |
| • روز مرہ بول چال (اخلاقی، معاشی، معاشرتی اور ثقافتی امور) میں ربط و تسلسل کے ساتھ مدلل گفتگو کرنا۔<br>• کسی موضوع پر اپنے خیالات اور مافی الضمیر کو تقریر اور خطبہ دینے کے اصولوں کے مطابق درست لب و لہجے اور انداز کے ساتھ پیش کرنا۔<br>• کسی تحریر / تقریر پر استحسانی و تنقیدی گفتگو کرنا۔<br>**نوٹ:اس مہارت کے تمام حاصلات تعلم (SLOs) تشکیلی جانچ (Formative Assessment) کا حصہ ہوں گے۔** | | **مہارت "بولنا": تشکیلی جانچ**<br>اس مہارت کی جانچ سالانہ امتحانی پرچے کی بجائے جماعت میں دوران تدریس اساتذہ کرام کریں گے۔ |

## مہارت:(ج) پڑھنا

**معیار:**(ج) حروف، الفاظ، جملوں اور تحریر کی پہچان اور ادراک، تحریر کی صحیح تلفظ اور روانی کے ساتھ پڑھائی اور سوالات کے مربوط جوابات

### حدِ تدریج

| جماعت نہم | جماعت دہم | تبصرہ / ریمارکس |
|---|---|---|
| • ادبی اور علمی امتیاز کے ساتھ مجازی اور اصطلاحی مفہوم کے پیشِ نظر عبارت (نظم و نثر) پڑھنا۔<br>• عمومی مطالعے کی عادات میں تیز رفتاری کا عنصر پیدا کرنا۔<br>• علم بیان، علم بدیع اور منتخب شعری محاسن کا علم حاصل ہونا اور انھیں پہچان کر ان کی نشان دہی کرنا۔ | | اس مہارت کے چند حاصلات تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہوں گے جب کہ دیگر حاصلات تعلم کی تشکیلی جانچ دوران تدریس اساتذہ کرام کریں گے۔ |

| حاصل تعلم کا نمبر | جانچ کی نوعیت | جماعت نہم | جماعت دہم | تبصرہ / ریمارکس |
|---|---|---|---|---|
| SLO: U-09-C-[03]<br>SLO: U-10-C-[03] | Summative | [03-الف] نظم و نثر کو فہم کے ساتھ پڑھ کر متعلقہ سوالات (براہِ راست، بالواسطہ اور کثیر الجہت) کے جوابات دے سکیں۔ | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-09-C-[10]<br>SLO: U-10-C-[10] | Summative | پڑھے گئے متن کے کسی حصے کو دہراتے ہوئے حوالوں اور دلائل کے ساتھ اظہار رائے کر سکیں۔ | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-09-C-[15]<br>SLO: U-10-C-[15] | Summative | غزل کی شاعری میں مطلع اور مقطع کی شناخت کر کے ان کا فرق سمجھ سکیں۔ | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-09-C-[17]<br>SLO: U-10-C-[17] | Summative | کسی بھی نظم کو پڑھ کر حوالوں کے ساتھ اس کے اشعار کی تشریح کرتے ہوئے اس پر اپنی رائے دے سکیں۔ | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-09-C-[28]<br>SLO: U-10-C-[28] | Summative | متن پڑھ کر خیالات، آرا اور رویّوں کا آپس میں تعلق سمجھتے ہوئے رائے پیش کر سکیں۔ | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |

**نوٹ: "پڑھنا" مہارت کے درج کیے گئے حاصلات تعلم (SLOs) کے علاوہ دیگر حاصلات تعلم (SLOs) تشکیلی جانچ (Formative Assessment) کا حصہ ہوں گے۔ ان کی جانچ اساتذہ کرام دوران تدریس کریں گے۔ تشکیلی جانچ کے حاصلات تعلم یہ ہیں:**

**جماعت نہم:** SLO: U-9-C-[1] [2] [4] [5] [6] [7] [8] [9] [11] [12] [13] [14] [16] [18] [19] [20] [21] [22] [23] [24] [25] [26] [27]

**جماعت دہم:** SLO: U-10-C-[1] [2] [4] [5] [6] [7] [8] [9] [11] [12] [13] [14] [16] [18] [19] [20] [21] [22] [23] [24] [25] [26] [27]

## مہارت:(د)لکھنا

**معیار:**(د)الفاظ وتراکیب، جملوں اور عبارت کی درست قواعد اور ترتیب کے ساتھ افسانوی اور روزمرہ تحاریر میں مہارت سے استعمال، مربوط، رواں اور موزوں انداز میں مختلف تحریروں کی ساخت اور اصناف کی مناسبت سے اپنے مشاہدات، خیالات، معلومات اور احساسات کی تحریری پیش کش۔

### حد تدریج

| جماعت نہم | جماعت دہم | تبصرہ / ریمارکس |
|---|---|---|
| • سیکھی گئی مہارتوں کا استعمال کرتے ہوئے تحریری صلاحیت کا مظاہرہ کرنا۔<br>• تحریر میں معانی کی وضاحت کے لیے علامات اوقاف اور قواعد کی مہارتوں کو برمحل استعمال کرنا۔<br>• مختلف النوع مقاصد کے لیے تحاریر میں خیالات کو ترتیب اور تسلسل کے ساتھ تحریری طور پر پیش کرنا<br>• مرکزی خیال / خلاصہ / تشریح / تبصرہ / تجزیہ / موازنہ وغیرہ تحریر کرنا۔<br>• کسی عنوان پر مربوط کہانی، مضمون، خط، مکالمہ، رپورٹ، کالم تبصرہ، تجزیہ، تقریر اور درخواست وغیرہ لکھنا۔ | | مہارت "لکھنا": حتمی جانچ<br>اس مہارت کے کچھ حاصلات تعلم کے علاوہ تمام حاصلات تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہوں گے۔ |

| حاصل تعلم کا نمبر | جانچ کی نوعیت | جماعت نہم | جماعت دہم | تبصرہ / ریمارکس |
|---|---|---|---|---|
| SLO: U-09-D-[01]<br>SLO: U-10-D-[01] | Formative | مختلف تحریری سرگرمیوں میں الفاظ کی درست املا کا خیال رکھتے ہوئے تحریری کام پر نظر ثانی اور ادارت (پروف ریڈنگ) کر سکیں۔ | | اس مہارت کی جانچ سالانہ امتحانی پرچے کی بجائے جماعت میں دوران تدریس اساتذہ کرام کریں گے۔ |
| SLO: U-09-D-[02]<br>SLO:U-10-D-[02] | Summative | اپنی جماعت کے معیار کے مطابق روزمرّہ، ضرب الامثال اور محاورات کا استعمال کرتے ہوئے سادہ جملے تحریر کر سکیں۔ | اپنی جماعت کے معیار کے مطابق روزمرّہ، ضرب الامثال اور محاورات کا استعمال کرتے ہوئے مرکب جملے تحریر کر سکیں۔ | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ تاہم سادہ جملے جماعت نہم اور مرکب جملے جماعت دہم کی حتمی جانچ کا حصہ ہوں گے۔ |
| SLO: U-09-D-[03]<br>SLO: U-10-D-[03] | Summative | نظم / غزل کے اشعار کے حوالوں (شاعری کے پس منظر، انداز بیاں، شعری محاسن کے استعمال کی وضاحت) کے ساتھ تشریح کر سکیں۔ | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-09-D-[04]<br>SLO: U-10-D-[04] | Summative | کسی بھی نظم یا نثر کو پڑھ کر اس کے اہم نکات کا خلاصہ لکھ سکیں۔ | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| SLO: U-09-D-[05]<br>SLO: U-10-D-[05] | Summative | کسی بھی نظم یا نثر کو پڑھ کر مصنف / شاعر اور قاری کے نقطہ نظر کو سامنے رکھتے ہوئے مرکزی خیال تحریر کر سکیں۔ | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-09-D-[06]<br>SLO: U-10-D-[06] | Formative | مختلف اقتباسات (انگریزی سے اردو) کے اصل معانی و مفہوم اور مقاصد کو برقرار رکھتے ہوئے تراجم کر سکیں۔ | | اس مہارت کی جانچ سالانہ امتحانی پرچے کی بجائے جماعت میں دوران تدریس اساتذہ کرام کریں گے۔ |
| SLO: U-10-D-[07] | Summative | - | مضمون نویسی کے مختلف انداز تحریر (بیانیہ، مدلل، بحثی اور تفصیلی) کو مد نظر رکھتے ہوئے مختلف موضوعات کو قلم بند کر سکیں۔ | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان جماعت دہم کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-10-D-[08] | Summative | - | پڑھے ہوئے ڈرامے کو محاورات / ضرب الامثال کا استعمال کرتے ہوئے کہانی میں تبدیل کر سکیں / پڑھی ہوئی کہانی یا افسانہ کی ڈرامائی تشکیل کر سکیں۔ | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان جماعت دہم کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-09-D-[09]<br>SLO: U-10-D-[09] | Summative | رسمی و غیر رسمی خطوط کی تحریری یا برقی (ای میل کے لیے) تشکیل دے سکیں۔ | رسمی و غیر رسمی خطوط کی تحریری یا برقی (ای میل کے لیے) تشکیل دے سکیں۔ | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا ۔ تاہم تحریری یا برقی ای میل جماعت نہم اور رسمی ، غیر رسمی خطوط جماعت دہم کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-09-D-[10]<br>SLO: U-10-D-[10] | Formative | متعلقہ معلومات کی فراہمی کے لیے مختلف دستاویزی فارم مثلاً: داخلہ فارم، شناختی کارڈ فارم، ریلوے رعایت کرایہ فارم، مختلف رجسٹریشن فارمز، رکنیت فارم، پاسپورٹ فارم، بینک اکاؤنٹ فارم، قومی بچت فارم، خدمات افادی فارم وغیرہ پُر کر سکیں۔ | | اس مہارت کی جانچ سالانہ امتحانی پرچے کی بجائے جماعت میں دوران تدریس اساتذہ کرام کریں گے۔ |
| SLO: U-09-D-[11]<br>SLO: U-10-D-[11] | Summative | آپ بیتی، سفر نامہ (سفری روداد) اور یادداشت کے درمیان فرق کو سمجھتے ہوئے ان کی تحریری تخلیق کر سکیں۔ | معلوماتی رپورٹ کی تحریری تخلیق کر سکیں۔ | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا ۔ معلوماتی رپورٹ جماعت دہم جبکہ باقی اجزاء جماعت نہم کا حصہ ہوں گے۔ |
| SLO: U-09-D-[12]<br>SLO: U-10-D-[12] | Summative | کسی بھی رسمی یا غیر رسمی تحریر (کالم، خبر، رپورٹ، تبصرہ، تذکرہ، تجزیہ وغیرہ) کی جزئیات کو سمجھتے ہوئے اس پر تنقید و تبصرہ کر سکیں۔<br>حد تدریج: کسی عنوان پر کالم، مکالمہ، تبصرہ، تجزیہ، تقریر وغیرہ لکھنا۔ | کسی بھی رسمی یا غیر رسمی تحریر (کالم، خبر، رپورٹ، تبصرہ، تذکرہ ، تجزیہ وغیرہ) کی جزئیات کو سمجھتے ہوئے اس پر تنقید و تبصرہ کر سکیں۔<br>حد تدریج: کسی عنوان پر تبصرہ، تجزیہ، تقریر اور درخواست وغیرہ لکھنا۔ | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا ۔ حد تدریج کو مد نظر رکھ کر طلبہ کی تیاری کروائیں۔ |

| حاصل تعلم کا نمبر | جانچ کی نوعیت | جماعت نہم | جماعت دہم | تبصرہ / ریمارکس |
|---|---|---|---|---|
| SLO: U-09-D-[13]<br>SLO: U-10-D-[13] | Summative | منتخب اقتباسات کی تلخیص نویسی کر سکیں۔ | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-09-D-[14]<br>SLO: U-10-D-[14] | Formative | مختلف سامعین اور مقاصد کو مدنظر رکھتے ہوئے کسی بھی موضوع پر اشعار اور حوالوں کے ساتھ کم از کم ۲۵۰ الفاظ پر مشتمل تقریر لکھ سکیں۔ | | اس مہارت کی جانچ سالانہ امتحانی پرچے کی بجائے جماعت میں دوران تدریس اساتذہ کرام کریں گے۔ |
| SLO: U-09-D-[15]<br>SLO: U-10-D-[15] | Summative | ہدایات واشارات کے مطابق کسی نادیدہ اقتباس (منظوم و منثور) کی تفہیم / تنقید و تجزیہ / تبصرہ کر سکیں۔ | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-10-D-[16] | Summative | - | خاکہ نویسی / شخصیت نگاری (سنجیدہ / فکاہیہ) کر سکیں۔ | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان جماعت دہم کا حصہ ہو گا۔ |

**مہارت:(ہ) قواعد / زبان شناسی**

**معیار:** (ہ) زبان کے تکنیکی پہلوؤں (یعنی قواعد / علم بیان، صنائع اور بدائع، شعری محاسن) کا عملی زندگی (تحریر اور تقریر) میں درست اور بروقت استعمال۔

**حد تدریج**

| جماعت نہم | جماعت دہم | |
|---|---|---|

- جملوں کی تقطیع / ترکیب نحوی کرنا۔
- سادہ اور مشکل یعنی گہرے معانی والے جملوں کے اجزا (مرکبات، تذکیر و تانیث، الفاظ و تراکیب، الفاظ کی صفات، منفی، مثبت جملے) شناخت کرنا اور تحریر و تقریر میں ان کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے برمحل استعمال کرنا۔
- تحریر کو صحت رفتار کے ساتھ پیش کرنا۔
- تحریر میں رموز او قاف اور اعراب کا درست استعمال کرنا۔
- ادبی تحاریر میں علم بیان، صنائع بدائع اور شعری محاسن کی شناخت کرنا۔

| حاصل تعلم کا نمبر | جانچ کی نوعیت | جماعت نہم | جماعت دہم | تبصرہ / ریمارکس |
|---|---|---|---|---|
| SLO: U-10-E-[01] | Summative | - | واحد جمع (جمع مکسر اور جمع سالم) بنا سکیں اور استعمال کر سکیں۔<br>جمع الجمع کا تحریر میں برمحل استعمال کر سکیں | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان جماعت دہم کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-09-E-[02] | Summative | تذکیر و تانیث (اسما اور ضمائر) کی فہم رکھتے ہوئے زبان میں ہونے والی تبدیلیوں کو روزمرّہ گفت گو اور تحریر و تخلیق میں استعمال کر سکیں۔ | - | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان جماعت نہم کا حصہ ہو گا۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| SLO: U-09-E-[03] | Summative | متضاد الفاظ کی جوڑیاں شناخت کرتے ہوئے تحریر میں استعمال کر سکیں۔ | ۔ | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان جماعت نہم کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-10-E-[04] | Summative | ۔ | مترادف الفاظ کو شناخت کرتے ہوئے تحریر میں برجستہ استعمال کر سکیں۔ | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان جماعت دہم کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-09-E-[05]<br>SLO: U-10-E-[05] | Summative | تراکیب لفظی کی شناخت کر سکیں اور اس کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے اپنی تحریر میں اس کا استعمال کر سکیں۔ | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-10-E-[06] | Summative | ۔ | متشابہ الفاظ کو پہچان کر تحریر و تقریر میں استعمال کر سکیں۔ | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان جماعت دہم کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-10-E-[07] | Summative | ۔ | ذو معنی الفاظ / جملے عبارت سے الگ کر سکیں اور ان کا تحریر میں استعمال کر سکیں۔ | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان جماعت دہم کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-09-E-[08] | Summative | [08-الف]جملوں میں اسم، فعل اور حرف کی نشان دہی کر سکیں۔<br>[08-ب]حرف فجائیہ: تحریر و تقریر میں تاثر لانے والے الفاظ (ندا، تحسین، نفرین، تاسف، انبساط، تنبیہ، استعجاب، تہنیت، تمنا اور قسم) کی نشان دہی کر سکیں۔<br>[08-ج]حرف ربط، حرف جار، حرف اضافت، حرف استفہام، حرف عطف، حرف تردید، حرف شرط و جزا، حرف علت، حرف اضراب، حرف بیان، حرف تشبیہ کو تحریر و تقریر میں استعمال کر سکیں | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان جماعت دہم کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-10-E-[09] | Summative | ۔ | علامات اوقاف (سکتہ، ختمہ، وقفہ، واوین، قوسین، استجابیہ، استفہامیہ، تفصیلیہ، رابطہ اور ترچھا خط) کو پہچان سکیں اور تحریری اظہار میں اس کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں اور اپنی تحریر میں برمحل استعمال کر سکیں | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان جماعت دہم کا حصہ ہو گا۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| SLO: U-09-E-[10]<br>SLO: U-10-E-[10] | Summative | مرکبِ تام اور مرکبِ ناقص:<br>[10-الف]مرکب تام (جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ) کی شناخت کر سکیں۔<br>[10-ب]جملہ اسمیہ کے اجزا(خبر اور مبتدا) میں امتیاز کر سکیں اور تحریر میں استعمال کر سکیں۔ | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-09-E-[11]<br>SLO: U-10-E-[11] | Formative | [11-الف]الفاظ و معنی سے واقفیت اور ان کے انتخاب میں لغت اور تھیسارس کا استعمال کر سکیں۔<br>[11-ب]درست تلفظ کی فہم کے لیے اعراب کا استعمال کر سکیں۔ | | اس مہارت کی جانچ سالانہ امتحانی پرچے کی بجائے جماعت میں دوران تدریس اساتذہ کرام کریں گے۔ |
| SLO: U-09-E-[12] | Summative | نئے الفاظ بناتے ہوئے سابقہ اور لاحقہ کا استعمال کر سکیں۔ | ۔ | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان جماعت نہم کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-09-E-[13]<br>SLO: U-10-E-[13] | Summative | جملے کی ساخت، بناوٹ، روزمّرہ اور محاورے کے لحاظ سے غلط فقرات / جملوں کی درستی کر سکیں۔ | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-09-E-[14]<br>SLO: U-10-E-[14] | Formative | ضرب الامثال اور محاورات میں امتیاز کرتے ہوئے تحریر و تقریر میں ان کا استعمال کر سکیں۔ | | حاصلات تعلم نمبرD-02 کے تحت حتمی جانچ میں شامل ہے لہٰذا اس مہارت کی جانچ سالانہ امتحانی پرچے کے بجائے جماعت میں دوران تدریس اساتذہ کرام کریں گے۔ |
| SLO: U-09-E-[15]<br>SLO: U-10-E-[15] | Summative | نظم بلحاظِ موضوع (حمد، نعت، قومی و ملّی نظم، قصیدہ، دعا / مناجات، منقبت، مرثیہ) میں امتیاز کر سکیں۔ | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-09-E-[16]<br>SLO: U-10-E-[16] | Summative | نظم بلحاظِ ہیئت (غزل، مخمس، مسدس) کی شناخت کر سکیں۔ | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-09-E-[17]<br>SLO: U-10-E-[17] | Summative | غزل میں مطلع اور مقطع کی شناخت کر سکیں۔<br>نظم / غزل کے اجزاء(مصرع، شعر، قافیہ، ردیف، بند، مطلع، مقطع) کی شناخت کر سکیں۔ | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-09-E-[18]<br>SLO: U-10-E-[18] | Summative | اصناف نظم کے محاسن کو شناخت کر سکیں۔<br>**علم بیان**<br>• استعارہ اور ارکانِ استعارہ<br>• تشبیہ اور ارکان تشبیہ | اصناف نظم کے محاسن کو شناخت کر سکیں۔<br>**علم بیان**<br>• کنایہ<br>• مجاز مرسل | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا ۔ علم بیان کی اصطلاعات استعارہ اور تشبیہ جماعت نہم جبکہ کنایہ اور مجاز مرسل جماعت دہم میں شامل ہیں۔ علم بدیع دونوں کا حصہ ہے۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | | **علم بدیع**<br>• تلمیح<br>• صنعت تکرار<br>• صنعت تضاد | **علم بدیع**<br>• تلمیح<br>• صنعت تکرار<br>• صنعت تضاد | |

## اردو (لازمی) برائے نہم جماعت

## (قومی نصاب 2022-23)

## فہرست مصنفین، شعرا اور موضوعات برائے اردو ادب

| نویں جماعت | | | |
|---|---|---|---|
| افسانوی و غیر افسانوی ادب | ذیلی تقسیم | انتخابی متن / اقتباسات | |
| نثر | سیرت نگاری | اخلاقِ حسنہ | سید سلیمان ندوی |
| | افسانہ | کتبہ | غلام عباس |
| | | بھیڑیا (پشتو ادب سے ترجمہ) | فاروق سرور |
| | ڈراما | آرام و سکون | امتیاز علی تاجؔ |
| | ناول | توبۃ النصوح | ڈپٹی نذیر احمد |
| | | (انتخاب: کلیم اور مرزا ظاہر دار بیگ / علیم اور باپ کی گفتگو۔ ہم دردی شرطِ انسانیت | |
| | خاکہ نگاری | نام دیو مالی | مولوی عبدالحق (چند ہم عصر) |
| | طنز و مزاح | ابتدائی حساب (اردو کی آخری کتاب) | ابنِ انشاؔ |
| | سفر نامہ | لڑی میں پروئے ہوئے منظر (جرنیلی سڑک) | رضا علی عابدی |
| | مضمون | اپنی مدد آپ | سر سید احمد خان |
| شاعری | نظم | حمد کوئی تو ہے جو نظامِ ہستی چلا رہا ہے | مظفرؔ وارثی |
| | | نعت دل جس سے زندہ ہے وہ تمنا تمھی تو ہو | ظفرؔ علی خان |
| | | جاوید کے نام | علامہ اقبالؔ |
| | | محنت کی برکات | الطاف حسین حالیؔ |
| | | کرکٹ اور مشاعرہ | دلاور فگارؔ |
| | | پیامِ لطیف (سندھی زبان کی شاعری) | مترجم شیخ ایازؔ |
| | غزل | میر تقی میرؔ | فقیرانہ آئے صدا کر چلے |
| | | خواجہ حیدر علی آتشؔ | سن تو سہی جہاں میں ہے تیرا افسانہ کیا |
| | | ناصرؔ کاظمی | غم ہے یا خوشی ہے تو |
| | | پروین فناسید | کاش طوفان میں سفینے کو اتارا ہوتا |

# ہدایات برائے پرچہ اردو(جماعت نہم)

**نوٹ:** درج ذیل ہدایات کو پرچہ تشکیل دیتے وقت ملحوظ رکھا جائے۔

| | | |
|---|---|---|
| **حصہ اوّل کل نمبر15** | | |
| **سوال نمبر1:** | مہارت قواعد/زبان شناسی وغیرہ کے حاصلات تعلم جو قومی نصاب 23-2022ء برائے جماعت نہم میں شامل ہیں، کے مطابق 15 کثیر الانتخابی سوالات دیے جائیں گے۔ | 15 |
| **حصہ دوم کل نمبر34** | | |
| **سوال نمبر2: جز الف:حصہ نثر** | نثری عبارت یا اقتباس کی طوالت 120 سے 150 الفاظ پر مشتمل ہو گی جو جماعت نہم کے طلبہ کی ذہنی سطح کے مطابق ہونی چاہیے۔اس عبارت سے جماعت نہم کے حاصلات تعلم کی روشنی میں 8 سوالات بنائے جائیں گے اور آخری سوال میں انتخاب کا حق ہو گا۔ یہ عبارت قومی نصاب 23-2022ء برائے جماعت نہم میں شامل مصنفین کے مجوزہ موضوعات/تحریروں/متون سے دی جائے گی۔ | 8×2=16 |
| **جز ب:حصہ شعر** | اس حصہ میں دیے گئے دو غزلیہ اور تین نظمیہ اشعار قومی نصاب 23-2022ء برائے جماعت نہم میں شامل شعرا کی نظمیہ اور غزلیہ شاعری سے لیے جائیں گے اور حاصلات تعلم کی روشنی میں 5 سوالات بنائے جائیں گے۔ آخری سوال میں انتخاب کا حق دیا جائے گا۔ | 5×2=10 |
| **جز ج:حصہ قواعد/زبان شناسی** | اس حصے میں قومی نصاب 23-2022ء برائے جماعت نہم میں شامل قواعد/زبان شناسی کی مہارت کے حاصلات تعلم کا احاطہ کرنے والے 4 سوالات دیے جائیں گے اور آخری سوال میں انتخاب کا حق دیا جائے گا۔ | 4×2=08 |
| **حصہ سوم کل نمبر26** | | |
| **سوال نمبر3:** | اس سوال میں مناسب طوالت کی ایسی دو نثری عبارات دی جائیں گی جن میں کم از کم پانچ یا چھے نکات وضاحت طلب ہوں۔ان میں سے ایک عبارت کی تشریح کرنی ہو گی۔ یہ عبارات قومی نصاب 23-2022ء برائے جماعت نہم میں شامل مصنفین کی تحریروں سے ہوں گی۔ | 05 |
| **سوال نمبر4:** | اس سوال میں قومی نصاب 23-2022ء برائے جماعت نہم میں شامل شعرا کی نظمیہ شاعری سے زیادہ سے زیادہ تین تین اشعار پر مشتمل دو نظم پارے دیے جائیں گے۔ جن میں سے کسی ایک نظم پارے کی تشریح (نظم پارے کے پس منظر اور شعری/فنی محاسن کو مد نظر رکھتے ہوئے) کرنی ہو گی۔ | 05 |
| **سوال نمبر5:** | اس سوال میں قومی نصاب 23-2022ء برائے جماعت نہم میں شامل شعرا کی غزلیہ شاعری سے دو دو اشعار پر مشتمل دو جز دیے جائیں گے جن میں سے ایک جز کی تشریح (اشعار کے پس منظر اور شعری/فنی محاسن کو مد نظر رکھتے ہوئے) کرنی ہو گی۔ | 05 |
| **سوال نمبر6:** | اس سوال میں سفر نامہ (سفری روداد)، یاد داشت اور آپ بیتی (بے جان اشیا کی) شامل ہیں۔ اس سوال کے تحت دو موضوعات میں سے کسی ایک کو تحریر کرنا ہو گا۔ | 06 |
| **سوال نمبر7:** | اس سوال میں کالم (تعلیمی مسائل کے موضوعات پر)، مکالمہ یا ای میل تحریر کرنا ہو گی۔ ای میل (رسمی/غیر رسمی موضوعات پر دی جائے گی)۔ تینوں میں سے کوئی ایک موضوع دیا جائے گا۔ | 05 |

**نوٹ:**
پرچے میں سوالات کے Cognitive Level کی شرح تقریباً یوں ہو گی۔ **سمجھنا** (Understanding) 50٪ ، **یاد میں لانا** (Knowledge) 30٪ اور **لاگو کرنا** 20٪ (Application)۔ ماڈل پرچے میں پوچھے گئے سوالات سے ہم آہنگ دیگر SLOs اور مہارتوں سے بھی سوالات پوچھے جاسکتے ہیں۔

| ROLL NUMBER | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |
| ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ |
| ① | ① | ① | ① | ① | ① |
| ② | ② | ② | ② | ② | ② |
| ③ | ③ | ③ | ③ | ③ | ③ |
| ④ | ④ | ④ | ④ | ④ | ④ |
| ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ |
| ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ |
| ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ |
| ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ |
| ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ |

| Version No. | | | |
|---|---|---|---|
| | | | |
| ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ |
| ① | ① | ① | ① |
| ② | ② | ② | ② |
| ③ | ③ | ③ | ③ |
| ④ | ④ | ④ | ④ |
| ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ |
| ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ |
| ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ |
| ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ |
| ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ |

## اردو(لازمی) ایس ایس سی–I
(Curriculum 2022-2023)

### حصہ اول(کل نمبر15)

**وقت:20منٹ**

**Section – A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed.** *Do not use lead pencil.*

حصہ اول لازمی ہے اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کر دیں۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**Candidate Sign.________** **Invigilator Sign. ____________**

ہر سوال کے سامنے دیے گئے درست دائرہ کو پر کریں۔

Q1. **Fill the relevant bubble against each question. Each part carries one mark.**

| سیریل | سوال | الف | ب | ج | د | الف | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| .i | احمد کی گھڑی بہت قیمتی ہے۔ اس جملے میں تذکیر و تانیث کی نشاندہی کس سے ہو رہی ہے ؟ | ہے | بہت | قیمتی | کی | O | O | O | O |
| .ii | طرفین تشبیہ کن ارکان کے مجموعے کا نام ہے ؟ | مشبہ اور وجہ تشبیہ | مشبہ اور حرف تشبیہ | مشبہ اور مشبہ بہ | مشبہ اور غرض تشبیہ | O | O | O | O |
| .iii | ترکیب لفظی کی نشاندہی کریں۔ | چاند سورج | دیارِ عشق | چال ڈھال | سلام دعا | O | O | O | O |
| .iv | جس نظم میں کسی زندہ بادشاہ، سرکاری عہدے دار، وزیر، مشیر کے کارنامے بیان کیے جائیں، کیا کہتے ہیں؟ | قصیدہ | مرثیہ | ملی نغمہ | منقبت | O | O | O | O |
| .v | علی نے کتاب خریدی۔ قواعد کی رو سے کون سا جملہ ہے؟ | جملہ اسمیہ | جملہ فعلیہ | جملہ استفہامیہ | جملہ معترضہ | O | O | O | O |
| .vi | آہ!ہم میچ ہار گئے۔ اس جملے میں "آہ" کیا ہے؟ | حرف تمنا | حرف نفرین | حرف ندا | حرف تاسف | O | O | O | O |
| .vii | جس نظم میں صحابہ کرام، بزرگان دینؒ اور صوفیائے کرامؒ کی خدمات کا تذکرہ کیا گیا ہو، کہلاتی ہے: | قصیدہ | مرثیہ | منقبت | مناجات | O | O | O | O |
| .viii | "مہمان" کے ساتھ درست لاحقے کا انتخاب کریں: | پوش | مزاج | گیر | نواز | O | O | O | O |
| .ix | لڑکی نے دوپٹا پہنا۔ قواعد کی رو سے غلطی کی نشاندہی کریں۔ | روزمرّہ کی | محاورے کی | ضرب المثل کی | فعل کی | O | O | O | O |
| .x | تعجب اور حیرانی کے موقع پر استعمال ہونے والے حروف کہلاتے ہیں: | حروف استفہام | حروف استعجاب | حروف تمنا | حروف تہنیت | O | O | O | O |
| .xi | ؎ دل میں اک لہر سی اٹھی ہے ابھی<br>کوئی تازہ ہوا چلی ہے ابھی<br>شعری اصطلاح میں یہ شعر کہلائے گا: | حسن مطلع | زیب مطلع | مطلع | مقطع | O | O | O | O |
| .xii | جس غزل میں ردیف نہ ہو، کہلاتی ہے: | مردف غزل | غیر مردف غزل | مسلسل غزل | بیت الغزل | O | O | O | O |

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| .xiii | ؎ کھا کھا کے اوس اور بھی سبزہ ہرا ہوا<br>تھا موتیوں سے دامنِ صحرا بھرا ہوا<br>اس مصرعے میں مستعار منہٗ ہے: | سبزہ | دامن | اوس | موتیوں | O | O | O | O |
| .xiv | "کلیم مسجد میں اکیلا ایسے بیٹھا تھا جیسے قفس میں مرغِ نو گرفتار۔"<br>اس جملے میں علم بیان کی کون سی خوبی پائی جاتی ہے؟ | تشبیہ | استعارہ | مجاز مرسل | کنایہ | O | O | O | O |
| .xv | ؎ بے خطر کود پڑا آتشِ نمرود میں عشق<br>عقل ہے محوِ تماشائے لبِ بام ابھی<br>شعر میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے؟ | تلمیح | تکرار | تضاد | مراعاۃ النظیر | O | O | O | O |

# فیڈرل بورڈ امتحان برائے جماعت نہم (SSC-I)
## ماڈل پرچہ اردو (لازمی)
## (قومی نصاب 2022-23)

وقت: 2:40 گھنٹے | کل نمبر: 60

نوٹ: حصہ دوم، حصہ سوم اور حصہ چہارم میں دی گئی ہدایات کے مطابق سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی (E-Sheet) پر دیں۔ جوابات مختص کردہ جگہ پر تحریر کریں۔

## حصہ دوم (کل نمبر 34)

سوال نمبر 2: (الف) حصہ نثر:

**درج ذیل عبارت کو فہم کے ساتھ پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں:** (8×2=16)

مستقل اور مضبوط آزادی، سچی عزت، اصلی ترقی، شخصی چال چلن کے عمدہ ہونے پر منحصر ہے اور وہی شخصی چال چلن، معاشرت و تمدن کا محافظ اور وہی شخصی چال چلن قومی ترقی کا بڑا ضامن ہے۔ جان اسٹیورٹ مل جو اسی زمانے میں ایک بہت بڑا حکیم گزرا ہے، اس کا قول ہے کہ ظالم اور خود مختار حکومت بھی زیادہ خراب نتیجے پیدا نہیں کر سکتی اگر اس کی رعایا میں شخصی اصلاح اور شخصی ترقی موجود ہے اور جو چیز کہ شخصی اصلاح اور شخصی ترقی کو دبا دیتی ہے، در حقیقت وہی شے اس کے لیے ظالم و خود مختار گورنمنٹ ہے۔ پھر اس شے کو جس نام سے چاہو پکارو۔ اس مقولے پر میں اس قدر اور زیادہ کرتا ہوں کہ جہاں شخصی اصلاح اور شخصی ترقی مٹ گئی ہے یا دب گئی ہے، وہاں کیسی ہی آزاد اور عمدہ گورنمنٹ کیوں نہ قائم کی جاوے وہ کچھ بھی عمدہ نتیجے پیدا نہیں کر سکتی اور اس اپنے مقولے کی تصدیق کو ہندوستان کی اور خصوصاً ہندوستان کے مسلمانوں کی حالت کی مثال پیش کرتا ہوں۔

**سوالات:**

- i- شخصی چال چلن عمدہ ہونے کا کیا فائدہ ہے؟
- ii- قومی ترقی کی ضمانت کیا ہے؟
- iii- جان اسٹیورٹ مل کے مطابق در حقیقت کیا شے ظالم اور خود مختار گورنمنٹ ہے؟
- iv- آپ کے خیال میں ظالم اور خود مختار حکومت بھی زیادہ خراب نتیجے پیدا کیوں نہیں کر سکتی؟
- v- آزاد اور عمدہ گورنمنٹ بھی کس صورت میں عمدہ نتیجے پیدا نہیں کر سکتی؟
- vi- کیا آپ مصنف کے نظریے سے اتفاق کرتے ہیں؟ اپنے جواب کی دلیل دیجیے۔
- vii- مصنف نے اپنے مقولے کی تصدیق کے لیے کس کی مثال پیش کی ہے؟
- viii- عبارت کا مرکزی خیال لکھیں۔ (یا) اس عبارت کی تلخیص کریں۔

(ب) حصہ شعر: (5×2=10)

**درج ذیل اشعار کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے:**

| | | |
|---|---|---|
| i- | پھوٹا جو سینۂ شبِ تارِ الست سے | اس نورِ اوّلیں کا اجالا تم ہی تو ہو |
| ii- | طبل و علم ہی پاس ہے اپنے نہ ملک و مال | ہم سے خلاف ہو کے کرے گا زمانہ کیا |
| iii- | مشاعرہ کا بھی تفریح ایم ہوتا ہے | مشاعرہ میں بھی کرکٹ کا گیم ہوتا ہے |
| iv- | تم پہ اسرارِ فنا، رازِ بقا کھل جاتے | تم نے ایک بار تو یزداں کو پکارا ہوتا |
| v- | میرا طریق امیری نہیں فقیری ہے | خودی نہ بیچ غریبی میں نام پیدا کر |

**سوالات:**

- i- پہلے شعر کا مفہوم تحریر کریں۔
- ii- شاعر نے یہ کیوں کہا ہے کہ "ہم سے خلاف ہو کے کرے گا زمانہ کیا" (بحوالہ شعر نمبر ۲)
- iii- مشاعرے اور کرکٹ میں کیا مشترک خصوصیت بتائی گئی ہے؟ (بحوالہ شعر نمبر ۳)
- iv- "اسرارِ فنا اور رازِ بقا" کھلنے کا کیا طریقہ بتایا گیا ہے؟ (بحوالہ شعر نمبر ۴)
- v- "فقیری طریق" سے کیا مراد ہے؟ (یا) شعر میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے؟ وضاحت کریں۔ (بحوالہ شعر نمبر ۵)

(ج) حصہ قواعد/زبان شناسی: (4×2=8)

مندرجہ ذیل اجزا کے جوابات لکھیں۔

-i "علی محنتی ہے۔" اس جملے کی نحوی شناخت کریں نیز اجزائے ترکیبی بھی بتائیں۔

-ii غزل کی بلحاظ ہیئت کم از کم دو خصوصیات بیان کریں۔

-iii درج ذیل شعر میں علم بیان کی قسم کی نشاندہی کریں اور اس کی تعریف بھی لکھیں۔

نظر میں وہ گل سما گیا ہے تمام ہستی پہ چھا گیا ہے

-iv صنف سخن "مناجات" کسے کہتے ہیں؟ (یا) صنعت تکرار کی وضاحت مع شعری مثال کیجیے۔

## حصہ سوّم (کل نمبر 26)

**سوال نمبر 3: درج ذیل میں سے کسی ایک عبارت کی تشریح کریں:** (5)

غرض مرزا نے اپنی چرب زبانی سے چنوں کو گھی کی تلی دال بنا کر اپنے دوست کلیم کو کھلایا۔ کلیم بھوکا تو تھا ہی اس کو بھی ہمیشہ سے کچھ زیادہ مزے دار معلوم ہوئے۔ مرزا نے گھر جا کر ایک میلی دری اور ایک کثیف سا تکیہ بھیج دیا۔ دو ہی گھڑی میں کلیم کی حالت کا اس قدر متغیر ہو جانا عبرت کا مقام ہے۔ یا تو خلوت خانہ اور عشرت منزل میں تھا یا اب ایک مسجد میں آ کر پڑا اور مسجد بھی ایسی جس کا تھوڑا سا حال ہم نے اوپر بیان کیا۔ گھر کے الوانِ نعمت کو لات مار کر نکلا تھا تو پہلے ہی وقت میں چنے چبانے پڑے۔ نہ چراغ نہ چارپائی، نہ بہن نہ بھائی، نہ مونس نہ غم خوار، نہ نوکر نہ خدمت گار۔

(یا)

اکبر نے اپنے پیش رو شیر شاہ سے بہت کچھ سیکھا تھا۔ بہت سے کام جو اکبر نے کیے ان کی بنیاد شیر شاہ رکھ گیا تھا۔ شیر شاہ کی مملکت بہار سے پنجاب تک پھیل گئی تھی۔ اس کے ایک سرے پر بہار میں قلعہ رہتاس تھا۔ اس کے دوسرے سرے پر پنجاب میں گکھڑوں کی سرزمین پر شیر شاہ نے دوسرا قلعہ بنوایا تو اس کا نام بھی رہتاس رکھا۔ بالکل اسی طرح اکبر کی مملکت کے ایک کنارے پر کٹک تھا، دوسرے کنارے کا نام اس نے اٹک رکھا۔ یہاں کشتیاں چلانے اور دریا پار کرانے کے لیے اکبر بنارس سے ملاح لایا اور اس خیال سے کہ وہ اب اسی جگہ کو وطن سمجھیں، اس چھوٹے سے شہر کو اٹک بنارس کا نام دے دیا گیا۔

**سوال نمبر 4: درج ذیل نظمیہ اشعار بہ غور پڑھ کر کسی ایک جز کی تشریح کریں۔** (5)

وہی ہے مشرق، وہی ہے مغرب، سفر کریں سب اس کی جانب
آئینے میں جو عکس اپنا دکھا رہا ہے، وہی خدا ہے
کسی کو سوچوں نے کب سراہا، وہی ہوا جو خدا نے چاہا
جو اختیارِ بشر پہ پہرے بٹھا رہا ہے، وہی خدا ہے
نظر بھی رکھے سماعتیں بھی، وہ جان لیتا ہے نیتیں بھی
جو خانہ لاشعور میں جگمگا رہا ہے، وہی خدا ہے

(یا)

ہری کھیتیاں جو نظر آ رہی ہیں
ہمیں شان محنت کی دکھلا رہی ہے
جو محنت نہ ہوتی تجارت نہ ہوتی
کسی قوم کی شان و شوکت نہ ہوتی
ہمارا تمھارا سہارا یہی ہے
اندھیرے گھروں کا اجالا یہی ہے

**سوال نمبر 5: درج ذیل میں سے کسی ایک غزلیہ جز کی تشریح کیجیے۔** (5)

جبیں سجدہ کرتے ہی کرتے گئی
حقِ بندگی ہم ادا کر چلے
نہ دیکھا غمِ دوستاں، شکر ہے
ہمیں داغ اپنا دکھا کر چلے

(یا)

میری رات کا چراغ
میری نیند بھی ہے تُو
میں خزاں کی شام ہوں
رُت بہار کی ہے تُو

**سوال نمبر 6:** ایک پرانی کتاب کی آپ بیتی تحریر کیجیے۔ (یا) ایک تفریحی سفر کی روداد تحریر کیجیے۔ (6)

**سوال نمبر 7:** "جدید ٹیکنالوجی کے تعلیم پر اثرات" کے موضوع پر کالم تحریر کریں۔ (5)

Federal Board SSC-I Examination

## ماڈل پرچہ اردو برائے جماعت نہم

قومی نصاب ۲۰۲۲-۲۳

## سوالات کی حاصل تعلم کے ساتھ مطابقت / تعلق

## SLOs Alignment Chart

| نمبر شمار | حصہ: سوال نمبر۔ (جزنمبر) | مہارت | حاصلات تعلم | وقوفی میدان cognitive Level | ماڈل پرچے میں مختص نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| حصہ اوّل | | | | | |
| ۱ | i. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-09-E-[02] تذکیر و تانیث (اسما اور ضمائر) کی فہم رکھتے ہوئے زبان میں ہونے والی تبدیلیوں کو روزمرّہ گفت گو اور تحریر و تخلیق میں استعمال کر سکیں۔ | K | 1 |
| ۲ | ii. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-09-E-[18] اصناف نظم کے محاسن کو شناخت کر سکیں۔ [الف-18] علم بیان: تشبیہ اور ارکان تشبیہ | K | 1 |
| ۳ | iii. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-09-E-[05] تراکیب لفظی کی شناخت کر سکیں اور اس کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے اپنی تحریر میں اس کا استعمال کر سکیں۔ | U | 1 |
| ۴ | iv. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-09-E-[15] نظم بلحاظِ موضوع (حمد، نعت، قومی و ملّی نظم، قصیدہ، دعا / مناجات، منقبت، مرثیہ) میں امتیاز کر سکیں۔ | K | 1 |
| ۵ | v. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-09-E-[10] [10-الف] مرکب تام (جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ) کی شناخت کر سکیں۔ | U | 1 |
| ۶ | vi. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-09-E-[08] [08-ب] حرف فجائیہ: تحریر و تقریر تاثر لانے والے الفاظ (ندا، تحسین، نفرین، تاسف، انبساط، تنبیہ، استعجاب، تہنیت، تمنا اور قسم) کی نشان دہی کر سکیں۔ | U | 1 |
| ۷ | vii. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-09-E-[15] نظم بلحاظِ موضوع (حمد، نعت، قومی و ملّی نظم، قصیدہ، دعا / مناجات، منقبت، مرثیہ) میں امتیاز کر سکیں۔ | K | 1 |
| ۸ | viii. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-09-E-[12] نئے الفاظ بناتے ہوئے سابقہ اور لاحقہ کا استعمال کر سکیں | A | 1 |
| ۹ | ix. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-09-E-[13] جملے کی ساخت، بناوٹ، روزمرہ اور محاورے کے لحاظ سے غلط فقرات / جملوں کی درستی کر سکیں۔ | A | 1 |
| ۱۰ | x. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-09-E-[08] [08-ب] حرف فجائیہ: تحریر و تقریر میں تاثر لانے والے الفاظ (ندا، تحسین، نفرین، تاسف، انبساط، تنبیہ، استعجاب، تہنیت، تمنا اور قسم) کی نشان دہی کر سکیں۔ | K | 1 |
| ۱۱ | xi. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-09-E-[17] (الف): غزل میں مطلع اور مقطع کی شناخت کر سکیں۔ | U | 1 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | K | SLO: U-09-E-[17](ب) نظم / غزل کے اجزا (مصرع، شعر، قافیہ، ردیف، بند، مطلع، مقطع) کی شناخت کر سکیں۔ | قواعد / زبان شناسی | xii. | ۱۲ |
| 1 | U | SLO: U-09-E-[18] اصناف نظم کے محاسن کو شناخت کر سکیں۔<br>(الف) علم بیان: استعارہ اور ارکان استعارہ | قواعد / زبان شناسی | xiii. | ۱۳ |
| 1 | U | SLO: U-09-E-[18] اصناف نظم کے محاسن کو شناخت کر سکیں۔<br>(ب) علم بیان: تشبیہ اور ارکان تشبیہ | قواعد / زبان شناسی | xiv. | ۱۴ |
| 1 | U | SLO: U-09-E-[18] اصناف نظم کے محاسن کو شناخت کر سکیں۔<br>(ہ) علم بدیع: صنعت تلمیح | قواعد / زبان شناسی | xv. | ۱۵ |
| | | **حصہ دوم** | | | |
| ماڈل پرچے میں مختص نمبر | وقوفی میدان Cognitive Level | حاصل تعلم | مہارت | سوال ۲ (جز: الف) | |
| 2 | K | SLO: U-09-D-[15] ہدایات واشارات کے مطابق کسی نادیدہ اقتباس (منظوم و منثور) کی تفہیم / تنقید و تجزیہ / تبصرہ کر سکیں۔<br>SLO: U-09-C-[03]-الف] نظم و نثر کو فہم کے ساتھ پڑھ کر متعلقہ سوالات (براہِ راست، بالواسطہ اور کثیر الجہت) کے جوابات دے سکیں۔ | لکھنا | i. | ۱۶ |
| 2 | K | | | ii. | ۱۷ |
| 2 | U | | | iii. | ۱۸ |
| 2 | U | | پڑھنا | iv. | ۱۹ |
| 2 | U | | | v. | ۲۰ |
| 2 | U | SLO: U-09-C-[28] متن پڑھ کر خیالات، آرا اور رویّوں کا آپس میں تعلق سمجھتے ہوئے رائے پیش کر سکیں۔ | پڑھنا | vi. | ۲۱ |
| 2 | K | SLO: U-09-D-[15] ہدایات واشارات کے مطابق کسی نادیدہ اقتباس (منظوم و منثور) کی تفہیم / تنقید و تجزیہ / تبصرہ کر سکیں | لکھنا | vii. | ۲۲ |
| 2/2 | A/A | SLO: U-09-D-[05] کسی بھی نظم یا نثر کو پڑھ کر مصنف / شاعر اور قاری کے نقطہء نظر کو سامنے رکھتے ہوئے مرکزی خیال تحریر کر سکیں۔ **(یا)**<br>SLO: U-09-D-[13] منتخب اقتباسات کی تلخیص نویسی کر سکیں۔ | لکھنا | viii. | ۲۳ |
| | | | | | حصہ دوم: سوال ۲ (جز: ب) |
| 2 | U | SLO: U-09-D-[15] ہدایات واشارات کے مطابق کسی نادیدہ اقتباس (منظوم و منثور) کی تفہیم / تنقید و تجزیہ / تبصرہ کر سکیں۔ | لکھنا | i. | ۲۴ |
| 2 | U | SLO: U-09-D-[15] ہدایات واشارات کے مطابق کسی نادیدہ اقتباس (منظوم و منثور) کی تفہیم / تنقید و تجزیہ / تبصرہ کر سکیں۔ | لکھنا | ii. | ۲۵ |
| 2 | U | | | iii. | ۲۶ |
| 2 | U | | | iv. | ۲۷ |
| 2/2 | U/U | SLO: U-09-E-[18] اصناف نظم کے محاسن کو شناخت کر سکیں۔ (ز) علم بدیع: تضاد<br>یا<br>SLO: U-09-D-[15] ہدایات واشارات کے مطابق کسی نادیدہ اقتباس (منظوم و منثور) کی تفہیم / تنقید و تجزیہ / تبصرہ کر سکیں۔ | لکھنا (یا) قواعد / زبان شناسی | v. | ۲۸ |

حصہ دوم: سوال ۲ (جز: ج)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۲۹ | i. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-09-E-[10] [10-ب] جملہ اسمیہ کے اجزا (خبر اور مبتدا) میں امتیاز کر سکیں اور تحریر میں استعمال کر سکیں۔ | U | 2 |
| ۳۰ | ii. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-09-E-[16] نظم بلحاظِ ہیئت (غزل، مخمس، مسدس) کی شناخت کر سکیں۔ | K | 2 |
| ۳۱ | iii. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-09-E-[18] اصناف نظم کے محاسن کو شناخت کر سکیں۔<br>علم بیان: استعارہ اور ارکانِ استعارہ | U | 2 |
| ۳۲ | iv. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-09-E-[15] نظم بلحاظِ موضوع (حمد، نعت، قومی و ملیّ نظم، قصیدہ، دعا / مناجات، منقبت، مرثیہ) میں امتیاز کر سکیں۔<br>**یا**<br>SLO: U-09-E-[18] اصناف نظم کے محاسن کو شناخت کر سکیں۔ [18-و] علم بدیع: صنعت تکرار | K/K | 2/2 |

حصہ سوم

| | سوال نمبر | مہارت | حاصل تعلم | وقوفی میدان cognitive Level | ماڈل پرچے میں مختص نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| ۳۳ | سوال ۳ | پڑھنا | SLO: U-09-C-[10] پڑھے گئے متن کے کسی حصے کو دہراتے ہوئے حوالوں اور دلائل کے ساتھ اظہار رائے کر سکیں۔ | U<br>A | 3<br>2 |
| ۳۴ | سوال ۴ | پڑھنا | SLO: U-09-C-[17] کسی بھی نظم کو پڑھ کر حوالوں کے ساتھ اس کے اشعار کی تشریح کرتے ہوئے اس پر اپنی رائے دے سکیں۔ | U<br>A | 3<br>2 |
| ۳۵ | سوال ۵ | لکھنا | SLO: U-09-D-[03] نظم / غزل کے اشعار کے حوالوں (شاعری کے پس منظر، اندازِ بیاں، شعری محاسن کے استعمال کی وضاحت) کے ساتھ تشریح کر سکیں۔ | U<br>A | 3<br>2 |
| ۳۶ | سوال ۶ | لکھنا | SLO: U-09-D-[11] آپ بیتی، سفر نامہ، معلوماتی رپورٹ اور یادداشت کے درمیان فرق کو سمجھتے ہوئے ان کی تحریری تخلیق کر سکیں۔<br>(یا)<br>SLO: U-09-D-[11] آپ بیتی، سفر نامہ (سفری روداد)، معلوماتی رپورٹ اور یادداشت کے درمیان فرق کو سمجھتے ہوئے ان کی تحریری تخلیق کر سکیں۔ | K/K<br>A/A | 3/3<br>3/3 |
| ۳۷ | سوال ۷ | لکھنا | حد تدریج: (کسی عنوان پر مربوط کہانی، مضمون، خط، مکالمہ، رپورٹ، کالم، تبصرہ، تجزیہ، تقریر اور درخواست وغیرہ لکھنا)۔<br>SLO: U-09-D-[12] کسی بھی رسمی یا غیر رسمی تحریر (کالم، خبر، رپورٹ، تبصرہ، تذکرہ، تجزیہ وغیرہ) کی جزئیات کو سمجھتے ہوئے اس پر تنقید و تبصرہ کر سکیں۔ | K<br>A | 3<br>2 |

*Cognitive Level
K: Knowledge
U: Understanding
A: Application

# Table of Specification

## Model Question Paper Urdu (Compulsory) –Grade IX (SSC-I)

| فیصد | کل نمبر | قواعد/زبان شناسی | لکھنا | پڑھنا | مہارت<br>وقوفی سطح |
|---|---|---|---|---|---|
| 31% | 27 | 1(i)(1)، 1(ii)(1)، 1(iv)(1)، 1(vii)(1)، 1(x)(1)،<br>1(xii)(1)،<br>2ج(ii)(2)، 2ج(iv/ f)(2)، 2ج(iv/s)(2)، | 2الف(i)(1)، 2 الف(ii)(1)،<br>2الف(vii)(2)،<br>6(f)(3)، 6(s)(3)، 7(3) | 2الف(i)(1)، 2 الف(ii)(1)، | یاد میں لانا |
| 46% | 40 | 1(iii)(1)، 1(v)(1)، 1(vi)(1)،<br>1(xi)(1)، 1(xiii)(1)، 1(xiv)(1)، 1(xv)(1)،<br>2ب(i)(2)، 2 ب(v/s)(2)، 2ج(i)(2)،<br>2ج(iii)(2)، | 2الف(iii)(1)، 2 الف(iv)(1)، 2الف(v)(1)،<br>2الف(vi)(2)، 2ب(ii)(2)، 2ب(iii)(2)، 2ب(iv)(2)،<br>2ب(v/f)(2)، 5(3) | 2الف(iii)(1)، 2 الف(iv)(1)،<br>2الف(v)(1)، 3(3)، 4(3)، | سمجھنا |
| 23 % | 20 | 1(viii)(1)،<br>1(ix)(1)، | 2الف(viii/f)(2)، 2 الف(viii/s)(2)،<br>5(2)6، (f)(3)6، (s)(3)، 7(2) | 3(2)، 4(2)، | اطلاق/لاگو کرنا |
| | 87 | 29 | 43 | 15 | کل نمبر |
| 100% | | 33.3 % | 46.7 % | 20% | کل فیصد |

**Note:**

1. This ToS does not reflect policy, but it is particular to this model question paper.
2. Proportionate / equitable representation of the content areas as per the defined ranges may be ensured.
3. The percentage of cognitive level is 30%, 50%, and 20% for knowledge, understanding, and application, respectively with **± 5%** variation.
4. While selecting alternative questions for Short Response Questions (SRQs) and Extended Response Questions (ERQs), it must be kept in mind that:
    - Difficulty levels of both questions should also be same
    - SLOs of both the alternative questions must be different

**Key:** Question Number (part/ first choice) marks example: Q2 ( i / f ) 2
Question Number (part/ second choice) marks example: Q2 ( i / s) 2

111 032 473

For more information, please visit
www.fbise.edu.pk

/ Federal.BISE.Official / FBISEOfficial / fbise.official